**13-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ...................... شمیم احمد

---

**Music**

---

☆ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ میں اب جبکہ پانچ دن رہ گئے ہیں، چناوٴ مہم میں اور تیزی آ گئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما کئی کئی ریلیاں اور روڈ شو کر رہے ہیں۔

☆ بینگلورو کی ایک عدالت نے رامیشورم کیفے دھماکہ کیس کے سلسلے میں دو ملزموں کو دس دن کیلئے NIA کی تحویل میں بھیج دیا ہے۔

☆ بحریہ کے سربراہ ایڈمرل آر ہری کمار کل گوا میں شجاعت اور نمایاں خدمات انجام دینے کے صلے میں ایوارڈز پیش کریں گے۔

☆ دلّی قومی راجدھانی خطے میں بارش ہوئی ہے۔ موسمیات محکمے نے شمال مغربی اور وسطی بھارت کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں موہالی میں پنجاب کنگز اور راجستھان رائلس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**with Add Campaigning**

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی مہم اب عروج پر ہے۔ سیاسی پارٹیاں اپنے امیدواروں کے لئے حمایت حاصل کرنے کی لگاتار کوشش کررہی ہیں۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کی ممتاز شخصیتیں ، ملک کے مختلف حصوں میں بہت سی ریلیاں اور روڈ شوز کا انعقاد کررہی ہیں۔

پہلے مرحلے میں 17 ریاستوں اور 4 مرکز کے زیرانتظام علاقوں کی 102 لوک سبھا سیٹوں اور سکم کی 32 اور اروناچل پردیش کی 60 اسمبلی سیٹوں کیلئے 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا نے آج سہ پہر ناگالینڈ میں Agri Expo Chumukedima میں NDA کی ایک ریلی سے خطاب کیا۔

انہوں نے یقین دلایا کہ وزیراعظم نریندرمودی کا شمال مشرق کیلئے خواب صرف ایکٹ ایسٹ تک محدود نہیں ہے بلکہ اس خطے کو جنوبی ایشیا اور مشرقی ایشیا کے لئے ایک گیٹ وے بنانے کا ارادہ ہے۔ جناب نڈا نے کہاکہ کانگریس کی حکمرانی کے دوران شمال مشرق کو پھوٹ ڈالنے والی سیاست کے سبب خراب کردیا گیا لیکن BJP-NDPP حکمرانی کے تحت یہ ایک آسانی ماڈل کی شکل اختیار کرگیا ہے۔

S/B 2100-JP NADDA

نڈا نے کہاکہ امن کے گیارہ معاہدوں پر دستخط کئے گئے، خطے کے 9 ہزار 500 شورش پسندوں نے خود سپردگی کی جبکہ شورش پسندی کے واقعات میں 71 فیصد تک کمی آئی۔

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ نے کنیاکماری، الور اور نوئیڈا میں ریلیوں سے خطاب کیا۔

کنیاکماری میں انتخابی مہم کے دوارن جناب شاہ نے الزام لگایا کہ DMK سناتن دھرم اور ایودھیا کے رام مندر کی مخالف ہے اور اُس نے اکثریت کے جذبات کو ٹھیس پہنچائی ہے۔ انہوں نے کہاکہ بی جے پی سماج کے سبھی طبقات کو ساتھ لے کر ایک ترقی یافتہ بھارت کی طرف بڑھ رہی ہے۔ جناب شاہ نے کہاکہ DMK کانگریس گھوٹالوں کے مترادف ہیں۔

الور میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہاکہ وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت میں پچھلے دس برس میں کئی ایسے ہدف مکمل کئے گئے جو ناممکن معلوم ہوتے تھے۔ جناب شاہ نے کہاکہ کانگریس پارٹی کی حکمرانی کے دوران ملک کی داخلی سلامتی کی صورتحال خراب تھی۔

مرکزی حکومت کی مختلف فلاحی اسکیموں کا ذکر کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہاکہ مودی حکومت نے سماج کے ہر طبقے کیلئے کام کیا ہے۔ کانگریس پر پسماندہ طبقات کو نظرانداز کرنے کا الزام لگاتے ہوئے جناب شاہ نے کہاکہ مودی حکومت نے اُن کی فلاح وبہبود کیلئے کئی اہم اقدامات کئے ہیں۔

S/B AMIT SHAH RESERVATION

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور راجستھان کے وزیراعلی بھجن لال شرما نے بھی مختلف مقامات پر عوامی جلسے کئے۔

ہنومان ضلع کے بھدر میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب شرما نے کہاکہ اُن کی حکومت میں پیپر لیک کرنے والے گروپوں کے خلاف موثر اقدامات کئے ہیں۔

کانگریس کی جانب سے سابق وزیراعلی اشوک گہلوت نے دھولپور کے بسائی نواد میں ایک عوامی جلسہ کیا جس میں انہوں نے مرکز پر ای ڈی اور سی بی آئی کو استعمال کرنے کا الزام لگایا۔ کانگریس کے ریاستی صدر گووند سنگھ دوتاسارا اور سینئر لیڈر سچن پائلٹ نے بھی دیگر مقامات پر عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ BJP کے سرکردہ لیڈر یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا ہے کہ عالمی معیار کے بنیادی ڈھانچے کے ساتھ بھارت کو اب عالمی سطح پر ایک سرکردہ ملک کے طور پر تسلیم کیا جارہا ہے۔ آج مرادآباد میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بھارت دنیا کیلئے ترقی اور بہبود کا ایک ماڈل پیش کر رہا ہے۔

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے ہری دوار میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزادی کے بعد مرکز اور بیشتر ریاستوں میں حکومت کرنے والی کانگریس پارٹی کو اُس کی دلت مخالف، قبائلی مخالف پالیسی اور دیگر غلط پالیسیوں کی وجہ سے اقتدار سے بے دخل کیا گیا۔

S/B 2100 Mayawati

ادھر کانگریس کی سرکردہ لیڈر پرینکا گاندھی نے اتراکھنڈ کے رام نگر میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے زور دے کر کہا کہ BJP کے دورِ حکومت میں گیس سلینڈر اور پیٹرول ڈیزل جیسی ضروری اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔

کانگریس کے ایک اور لیڈر راہل گاندھی نے بھی مہاراشٹر کے بھنڈارا-گونڈیا لوک سبھا حلقے میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ جناب راہل گاندھی نے کہا کہ وزیرِاعظم نریندرمودی، بے روزگاری اور بڑھتی ہوئی مہنگائی جیسے اہم معاملات پر دھیان نہیں دیتے۔ انھوں نے کانگریس کے اقتدار میں آنے کی صورت میں ذات پر مبنی مردم شماری کرانے کا یقین دلایا۔

S/B 2100 Rahul Gandhi / Castims

اُدھر تلنگانہ میں MIM کے صدر اسدالدین اویسی نے حیدرآباد لوک سبھا حلقے کے مختلف ڈویژنوں میں گھر گھر جاکر انتخابی مہم کا آغاز کردیا ہے۔ دوسری طرف BJP کی ریاستی شاخ کے صدر اور مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے بھی سکندرآباد حلقے میں ایک جیپ یاترا کا اہتمام کیا۔x

## Karnatak Rameshwaram Cafe Blast

بینگلورو کی ایک عدالت نے رامیشورم کیفے دھماکہ کیس کے دو ملزموں کو مزید چھان بین کی خاطر 10 دن کیلئے قومی جانچ ایجنسی NIA کی تحویل میں دیئے جانے کی منظوری دے دی ہے۔ مصور حسین Shazeb اور عبدالمتین احمد طٰہٰ نام کے اِن ملزموں کو آج NIA کی خصوصی عدالت کے جج کے سامنے پیش کیا گیا۔

اِن ملزموں کو بینگلورو میں رامیشورم کیفے میں پہلی مارچ کے دھماکے میں اُن کے مبینہ رول کی بنا پر راہداری ریمانڈ پر کولکاتہ سے بینگلورو لایا گیا تھا۔ اِس واقعے میں دس افراد زخمی ہوئے تھے۔x

## Indian Navy Awards

بحریہ کے سربراہ ایڈمرل آر ہری کمار کل گوا میں بحریہ کی تقسیم انعامات کی تقریبات 2024 میں صدرجمہوریہ کی جانب سے بہادری اور امتیازی خدمات کے ایوارڈ پیش کریں گے۔ یہ تقریب بحریہ کے Base آئی این ایس Hansa میں منعقد کی جائے گی جہاں بحریہ کے اہلکاروں کو اعزازات سے نوازا جائے گا جنہوں نے بہادری، قیادت، پیشے وارانہ تکمیل اور انتہائی اعلیٰ درجے کی امتیازی خدمات کا مظاہرہ کیا۔

اِن انعامات میں نو سینا تمغہ برائے بہادری، نو سینا تمغہ برائے فرض کے تئیں اخلاص اور وششٹ سیوا تمغہ شامل ہیں۔

تقریب کے دوران پروازوں کے تحفظ کو فروغ دینے کیلئے کیپٹن روی دھیر میموریئل گولڈ میڈل اور ہتھیاروں کو بہتر بنانے اور الیکٹریکل انجینئرنگ شعبے میں اپنی نوعیت کی اولین تحقیق کیلئے لیفٹیننٹ وی کے جین میموریئل گولڈ میڈل بھی دئے جائیں گے۔مختلف یونٹوں کو یونٹ کی توصیفی اسناد بھی پیش کی جائیں گی۔

## Rev IMD Weather

دلّی قومی راجدھانی خطے میں آج شام بارش ہونے سے لوگوں کو گرمی سے راحت ملی۔ بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق مغربی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے زیر اثر شمال مغربی بھارت میں بارش ہوئی ہے۔ موسمیات محکمے نے کل بھی تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

قومی راجدھانی دلّی میں دن کا درجۂ حرارت 39 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جو اوسط سے تین ڈگری زیادہ ہے۔ خراب موسم کی وجہ سے دلّی ہوائی اڈّے پر تقریباً 17 پروازوں کو دیگر مقامات کیلئے منتقل کردیا گیا۔

بھارت موسمیات محکمے کے سرکردہ سائنسداں R K Jenamani نے بتایا کہ شمال مغربی بھارت کے کچھ حصوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ اِس مہینے کی 15 تاریخ تک جاری رہنے کا امکان ہے۔

S/B 2100 R.K Jenamani

موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، راجستھان اور اترپردیش میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا سلسلہ کل تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ کہیں کہیں اولے بھی گر سکتے ہیں۔ اس کے بعد اِس طرح کے موسم کی شدت کم ہوجائے گی۔x

## Prez Ambedkar

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی سالگرہ سے ایک دن قبل آج ملک کے باشندوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک پیغام میں صدرجمہوریہ نے کہا ہے کہ سبھی لوگ ڈاکٹر امبیڈکر کے تصورات کو اپنائیں اور ہمارے ملک کی سب کی شمولیت والی ترقی کیلئے اجتماعی طور پر کام کریں۔ صدر نے زور دے کر کہا کہ بابا صاحب امبیڈکر نے ایک قانون داں، ماہرتعلیم، ماہر معاشیات، سماجی مصلح اور سیاسی رہنما کی حیثیت سے ملک اور سماج کے تئیں غیرمعمولی خدمات انجام دیں۔ انہوں نے کہاکہ آج بھی آئینی نظام میں اُن کا پرزور یقین ہماری جمہوریت اور بہتر حکمرانی کی بنیاد ہے۔ صدرجمہوریہ نے اِس بات کا بھی ذکر کیا کہ ڈاکٹر امبیڈکر نے اپنی پوری زندگی مساوات پر مبنی معاشرے کے قیام کیلئے وقف کردی اور پسماندہ طبقات کو بہتر مقام دلانے کی جدوجہد کی۔ X

## Harvest Festival

ملک کے مختلف خطوں میں آج روایتی فصلوں کا تہوار منایا جارہا ہے۔ پنجاب کے لوگ ویساکھی منارہے ہیں۔ کیرالہ میں اِسے ویشو کہتے ہیں، آسام میں اِسے بوہاگ بیہو کہا جاتا ہے اور تمل ناڈو کے لوگ آج کے دن Puthandu منا رہے ہیں۔

## J&K Terrorist

جموں وکشمیر میں جموں کے Reasi ضلعے میں آج سکیورٹی دستوں نے دہشت گردوں کے چھپنے کے ایک ٹھکانے کا پتہ لگایا اور ہتھیار اور گولی بارود برآمد کیا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ٹھوس خفیہ اطلاع ملنے پر پولیس اور راشٹریہ رائفلز کی بٹالین نے ضلع کے ماہور سب ڈویژن کے تحت آنے والے Shajroo کے Lancha علاقے میں مشترکہ کارروائی کی تاکہ وہاں دہشت گردوں کی کسی بھی طرح کی سرگرمی کا خاتمہ کیا جاسکے۔

محاصرے اور تلاش کی کارروائی کے دوران اس ٹھکانے سے بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولی بارود کا پتہ لگایا گیا۔ جو اسلحہ ضبط کیا گیا ہے، اُس میں الیکٹرک فلیتوں سے لیس دیسی ساخت کے دو دھماکہ خیز Tiffin، دو پستول اور میگزین، پستول کے 19 کارتوس، AK-47 طرز کی رائفلوں کے 40 کارتوس اور کئی دیگر اشیاء شامل ہیں۔x

## Kargil Vijay Diwas

لداخ میں کارگل وجے دِوس کی 25 ویں سالگرہ رجت جینتی کی یاد میں اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت اور بھارتی فوج کے کارگل ڈویژن کے Forever In Operations Division نے ایک خصوصی Amateur ریڈیو اسٹیشن کامیابی کے ساتھ چلایا۔ گیارہ اپریل 2023 کو شروع ہوئے اِس ریڈیو کا مقصد کارگل اور بھارتی فوج کے لوگوں کی بہادری کو اعزاز بخشنا تھا۔ Call Sign الفا ٹینگو پچیسKilo ویکٹر ڈیلٹا کے تحت اس خصوصی Amateur ریڈیو اسٹیشن نے دنیا بھر میں 25 ممالک کے ساتھ قابل ذکر رابطہ قائم کیا۔

بھارتی جذبے کی جیت اور مزاحمت کو علامتی انداز میں پیش کرتے ہوئے الفا ٹینگو بھارت کیلئے مختص خصوصی کال کی علامت کی نمائندگی کرتا ہے جبکہ 25نمبر کا مطلب کارگل وجے دِوس کی حوصلہ افزا فتحیابی کے 25 برس کی تکمیل ہے۔

طویل تر مواصلاتی دوری جو اس ریڈیو نے حاصل کی وہ امریکہ تک تھی جس کا فاصلہ کارگل سے 13 ہزار کلومیٹر کا ہے۔ یادگاری تقریبات کے ایک حصے کے طور پر لداخ یونیورسٹی کے کارگل کیمپس کے طلبا کیلئے ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا تاکہ انہیں Amateur ریڈیو اسٹیشن کے کام کاج کے طریقے اور اہمیت کے بارے میں بتایا جاسکے۔ باہمی بات چیت اور مختلف پیش کشوں کے ذریعہ طلبا نے Amateur ریڈیو اسٹیشنوں کی صلاحیتوں اور بین الاقوامی مواصلات اور مفاہمت کو فروغ دینے میں اِن کے کردار کے متعلق معلومات حاصل کیں۔ یہ اسکیم کارگل تنازع کے دوران دی گئی قربانیوں اور جوش وجذبے ہی کو اعزاز نہیں بخشتی بلکہ یہ اتحاد اور یادگار کی ایک مشعل کی بھی حیثیت رکھتی ہے۔ X

## Iran Israel Escalations

گذشتہ ہفتے دمشق میں ایران کے سفارتخانے میں ایک اعلیٰ افسر کی ہلاکت کے تناظر میں انتقامی کارروائی کی بڑھتی ہوئی وارننگ کے پس منظر میں اسرائیل، ایران یا اُس کی اتحادی تنظیموں کے حملے کا سامنا کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ بھارت کے ساتھ ساتھ فرانس، پولینڈ، روس اور دیگر ملکوں نے بھی اپنے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ خطے کا سفر نہ

کریں۔ وہاں پہلے ہی پچھلے سات مہینے سے غزہ میں لڑائی جاری ہے۔

وہائٹ ہاؤس کی قومی سلامتی کونسل کے ترجمان John Kirby نے کہا ہے کہ ایران کی طرف سے دھمکی حقیقی اور ٹھوس معلوم ہوتی ہے۔

اسرائیل نے پہلی اپریل کے فضائی حملے کی ذمے داری نہیں لی ہے جس میں دمشق میں سفارتخانے کے احاطے میں ایک میٹنگ میں شرکت کرنے والے ایران کے پاسدارانِ انقلاب کور کی غیر ملکی Quds فورس کے ایک اعلیٰ کمانڈر، بریگیڈیئر جنرل محمد رضا زاہدی اور چھ دیگر افسر مارے گئے تھے۔ اسرائیل کے وزیر دفاع Yoav Gallant اور فوج کے سربراہ جنرل Herzi Halevi دونوں ہی نے دورے پر آئے ہوئے امریکی سینٹرل کمان کے سربراہ جنرل مائیکل Kurilla کے ساتھ میٹنگیں کیں تاکہ ممکنہ جوابی کارروائی کے سلسلے میں تال میل قائم رکھا جائے۔

اُدھر ایرانی ذرائع اور امریکہ سے سفارتکاروں نے بتایا ہے کہ ایران نے امریکہ کو یہ عندیہ دیا ہے کہ وہ محاذ آرائی سے گریز کرنا چاہتا ہے اور جلد بازی میں کوئی قدم نہیں اٹھائے گا۔ البتہ اِس بات کا خطرہ برقرار ہے کہ کسی بھی طرح کی جوابی کارروائی سے حالات کنٹرول سے باہر ہوسکتے ہیں۔

ایک اخبار کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکہ نے بحرِاحمر میں شمال کی سمت طیارہ بردار بحری جہاز روانہ کیا ہے جو ایران کی جانب سے داغے جانے والے میزائل اور ڈرون کو مار گرانے کی صلاحیت سے لیس ہے۔

ایران چونکہ اپنے سفارتخانے پر حملے کو خود اپنے علاقے پر حملہ تصور کرتا ہے، اس لئے یہ امکان ہے کہ ایران، لبنان کے حزب اللہ جیسے گروپوں کا استعمال کرنے کی بجائے سیدھے اسرائیلی علاقے کو نشانہ بنا سکتا ہے۔x

## Hezbollah Attack

حزب اللہ نے کہا ہے کہ اُس نے جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوج کے حملوں کے جواب میں اسرائیل کے اسلحے کے ذخیروں پر درجنوں راکٹ داغے ہیں۔ غزہ پر جنگ کے آغاز سے اب تک کا اُس کا یہ سب سے بڑا حملہ ہے۔ ایران سے وابستہ مسلح لبنانی گروپ نے کل رات دیر گئے ایک بیان میں تصدیق کی ہے کہ اُس نے شمالی اسرائیل اور مقبوضہ Golan Heights میں دشمنوں کے اسلحے کے ذخیروں پر درجنوں Katyusha راکٹ داغے۔ راکٹوں سے شمالی اسرائیل کے پورے Upper Galilee میں کئی بستیوں میں سائرن کی آوازیں گونج اٹھیں کیونکہ فضائی دفاعی میزائل نے آنے والے اِن راکٹوں کا اندازہ لگالیا تھا۔ اسرائیل کی فوج کا کہنا ہے کہ لبنان کے علاقے سے 40 راکٹوں کی شناخت کی گئی ہے جن میں سے کچھ کو مار گرایا گیا اور باقی کھلے علاقوں میں گرے۔

اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ کسی کو چوٹ لگنے کی کوئی رپورٹ نہیں ہے۔ اُس نے مزید بتایا کہ فوج نے حزب اللہ کے بھیجے ہوئے دو دھماکہ خیز اشیاء سے لدے ڈرون کو اس سے پہلے ہی راستے میں مار گرایا تھا جو لبنان سے سرحد پار کرکے اسرائیلی علاقے میں داخل ہوگئے تھے۔

فلسطینی گروپ حماس کا اتحادی حزب اللہ اور اسرائیلی فوجوں کے درمیان سات اکتوبر کو غزہ میں جنگ کے آغاز کے بعد سے ہی سرحد کے آر پار تقریباً روزانہ ہی دونوں طرف سے ہی گولیاں چلائی جاتی رہی ہیں۔ گروپ کا کہنا ہے کہ وہ غزہ میں جنگ بندی کا معاہدہ طے پانے کے بعد ہی اسرائیل پر اپنے حملے روکے گا۔ گو کہ یہ حملے

موٹے طور پر صرف سرحدی علاقوں تک ہی محدود رہے ہیں لیکن ان کے تواتر اور شدت نے وسیع تر جنگ کے خدشات کو بڑھا دیا ہے۔X

## Ind-Aus Hockey Test

پرتھ میں آج پانچویں اور آخری ہاکی ٹیسٹ میں بھارت، آسٹریلیا سے دو کے مقابلے تین گول سے ہار گیا۔ اس طرح سیریز کے پانچوں میچ آسٹریلیا نے جیت لئے۔

کھیل کے چوتھے منٹ میں کپتان ہرمن پریت سنگھ نے ایک پینالٹی کارنر سے گول کرکے بھارت کو سبقت دلادی۔ البتہ کھیل کے20 ویں منٹ میں آسٹریلیا کی طرف سے Jeremy Hayward نے پینالٹی کارنر سے گول کرکے اسکور برابر کردیا۔ کھیل کے وقفے تک دونوں ٹیمیں ایک-ایک گول سے برابری پر تھیں۔

اس کے بعد 38ویں اور 39ویں منٹ میں آسٹریلیا نے دو گول کرکے تین-ایک کی سبقت حاصل کرلی۔ اس کے بعد کھیل کے 53 ویں منٹ میں اپنا پہلا میچ کھیلنے والے اکیس سالہ بوبی سنگھ دھامی نے گول کردیا۔

پیرس اولمپک کھیلوں میں بھارت کو آسٹریلیاکے ساتھ ساتھ اُسی گروپ میں رکھا گیا ہے جس میں بلجیم، نیوزی لینڈ، ارجنٹینا اور آئرلینڈ شامل ہیں۔ بھارت اپنی مہم کا آغاز 27 جولائی کو نیوزی لینڈ کے خلاف میچ کے ساتھ کرے گا۔ ٹوکیو اولمپک کھیلوں میں بھارتی ہاکی ٹیم نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، پنجاب کنگز نے راجستھان رائلس کو جیت کیلئے 148 رن کا نشانہ دیا ہے۔

چنڈی گڑھ کے Mullanpur کے مہاراجہ یداوِندرا سنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں پہلے بلے بازی کرتے ہوئے پنجاب کنگز کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں آٹھ وکٹ پر 147 بنائے۔

اس سے قبل راجستھان رائلس نے ٹاس جیت کر گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ یہ IPL کا 27واں میچ ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆